2

چھتیس گڑھ مادھیمک شکشا منڈل، رائے پور

छत्तीसगढ़ माध्यमिक शिक्षा मण्डल,रायपुर

कक्षा : 10 वीं	ہائی اسکول سرٹیفکیٹ امتحان سال 09-2008	درجہ:10 ویں
विषय : उर्दू सामान्य	हाई स्कूल सर्टिफिकेट परीक्षा वर्ष 2008–09	مضمون:جنرل اُردو
समय : 3 घंटा	मॉडल प्रश्न पत्र ماڈل سوالیہ پرچہ	وقت:3 گھنٹے
पूर्णांक : 100		کل نمبرات:100

ہدایت: سبھی سوالات حل کرنا لازمی ہے۔

جواب صاف اور خوش خط لکھیئے۔

(حصہ نثر)

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیئے:

سوال:1: ابّو خاں کی بکری کیوں بھاگ جاتی تھی؟ 02

سوال:2: حضرت عمرؓ رات میں گشت کیوں کرتے تھے؟ 02

سوال:3: ننھے سعدیؒ سے اُن کی ماں نے کیا وعدہ کیا تھا؟ 02

سوال:4: بادشاہ نے چاول کیوں اکٹھا کیا تھا؟ 02

سوال:5: بادشاہ حاتم سے کیوں جلتا تھا ؟ 02

یا

سلطان ٹیپو انگریزوں سے پوری زندگی کیوں لڑتا رہا؟

سوال:6: درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کے کیجیئے۔ 04

”طے قبلے میں حاتم نام کا ایک شخص تھا اسے حاتم طائی کہتے تھے۔ اس کے پاس بادشاہ کی طرح خزانہ تو نہ تھا لیکن سخاوت میں بادشاہ سے بھی آگے تھا۔ وہ ہمیشہ غریبوں اور کمزوروں کی مدد کرتا تھا ان کی بھلائی کے لئے اپنی جان کی پرواہ نہیں کرتا تھا اس لئے لوگ اس سے محبت کرتے تھے۔

سوال:7: درج ذیل سبق سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیئے: 03

(1) سچا انصاف (2) حاتم طائی (3) نئی روشنی

03

سوال:8: درجہ ذیل لفظوں کی مدد سے جملے مکمل کیجیے :

عمر، بوجھ، بلک، خلیفہ، کنکریاں، وظیفہ

1 حضرت عمر مسلمانوں کے.................. تھے۔

2 میرے اور........................ کے درمیان اللہ فیصلہ کرے گا۔

3 اب تک بیت المال سے................ مقرر نہیں ہوا تھا۔

4 بچے بھوک کے مارے............. رہے تھے۔

5 ہانڈی میں صرف پانی اور........... تھیں۔

6 جب قیامت میں تم میرا.......... نہیں اٹھا سکتے تو پھر آج میں تم سے اپنا بوجھ کیوں اٹھواؤں۔

سوال:9: درج ذیل اشعار کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے :

ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا — دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

میرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو — نیک جو راہ ہو اس رہ پہ چلانا مجھ کو

سوال:10: بچہ کی تمنّا کیا ہے؟

سوال: 11: کیدی کون تھا اور اس کی التجا کیا تھی؟

سوال:12: ننھی پجارن کے ہاتھ میں کیا ہے؟

سوال:13: شاعر نے ننھی پجارن کو کیا کہا ہے ؟

سوال:14: نظم ایکتا سے کیا نصیحت ملتی ہے ؟

سوال:15: اپنی کتاب کی کسی ایک نظم کے تین اشعار لکھیے جو اس پرچھ میں نہ ہوں؟

سوال:16: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے؟

(1) بچہ اور جگنو (2) ننھی پجارن (3) ایکتا

(قواعد)

سوال:17: (ا) اسم معرفہ اسم نکرہ کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے؟

سوال:18: (ا) فعل فاعل اور مفعول چن کر لکھیے :

(ا) بلّی نے دودھ پیا۔ (2) گیا نے گلی دبوچ لیا (3) اُس نے خط لکھا (4) صبا نے روٹی پکائی

(ب) درج ذیل جملوں سے اسم ضمیر چن کر لکھیئے :

(1) تم اپنی کتاب پڑھو　　(2) رتن بازار جارہا ہے

(3) میرا اسکول دور ہے　　(3) وہ کل آئے گا۔

03 سوال:19: زمانہ کسے کہتے ہیں؟ اُسکی قسمیں لکھیئے؟

(ب) درج ذیل الفاظ کی واحد جمع بنائیے:

شجر،لہر،چیز،ندی

سوال:20: درج ذیل مذکر مونث بنائیے:

02

مالی، بیٹا، بھائی،مور

02 سوال:21: درج ذیل الفاظ کی ضد لکھیئے:

غم،خاص،زمین،اچھا

04 سوال:22: املے کی غلطی درست کیجیئے:

سبح،آجادی،خیتی،درجی،اورت تو تا،تریکہ،گریب۔

(ترجمہ نگاری)

03 سوال:23: اُردو میں ترجمہ کیجیئے:

दिल्ली खूबसूरत शहर है

इल्म हासिल करना जरूरी है

सच की हमेशा जीत होती है

03 سوال: 24: हिन्दी में तरजुमा कीजिए

میر تقی میر نے موسم برسات کی بڑی خوبی سے منظر نگاری کی ہے۔

زندگی زندہ دلی کا نام ہے۔

ہمارے شہر کا نام رائیے پور ہے۔

(خطوط نویسی)

06 سوال:25: اپنے پرنسپل صاحب کو دو دن کی چھٹی کے لئے درخواست لکھیئے:

یا

اپنے والد صاحب کو خط لکھیئے جس میں اپنی سالانہ امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

05 سوال:26: غیر درسی (از خارج کورس) نوٹ: عبارت کو بغور پڑھ کر سوالوں کے جواب تحریر کیجئے:

''مولانا آزاد قومی رہنما تھے۔ وہ ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم بھی تھے ان کا پورا نام محی الدین احمد ابولکلام آزاد تھا۔ وہ کلکتہ میں رہتے تھے۔ آزادی کی لڑائی کے زمانہ میں وہ کئی بار جیل گئے۔ دو بار انھیں انڈین نشنل کانگریس کا صدر بنایا گیا۔ بچپن ہی سے انکو وطن کی آزادی سے دلچسپی تھی۔ انھیں پڑھنے لکھنے کا بہت شوق تھا۔ انھوں نے بہت سی کتابیں لکھیں اور کئی اخبار نکالے انکے اخبار ''الہلال'' کے ذریعہ انکی شہرت دور تک پہنچ گئی۔

سوالات: 1 مولانا آزاد کا پورا نام کیا تھا؟

2 وہ کہاں کے رہنے والے تھے ؟

3 کتنی بار وہ صدر بنے؟

4 انکے شوق کیا تھے؟

5 انکے اخبار کا نام لکھیئے؟

03 سوال:27: مندرجہ بالا عبارت کا خلاصہ لکھیئے۔

04 سوال:28: مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیئے۔ (مشکل الفاظ کے معنی)

خلیفہ، گشت، التجا، تمنّا، زینت، فانی، صحرا، لطف

04 سوال:29: مندرجہ ذیل محاوروں کے معنی لکھکر جملوں میں استعمال کیجیئے۔

(1) انگور کھٹے ہونا (2) پانی پانی ہونا (3) جل بھن جانا (4) ہمت سے کام لینا

(مضمون)

04 سوال:30: دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیئے۔

(1) کوئی بھی تہوار

(2) سائنس کے کرشمے

(3) قومی رہنما

(4) کمپیوٹر کے فوائد

(5) ہمارا اسکول۔

xxxxxxxxxxxxxx